بند کیجئے پرنٹ کیجئے اپنے احباب کو ای میل کیجئے

جنگ

ウイルスバスター™ モバイル ダウンロード2年版 この広告を見た方限定
5,637円(税込) 1ヵ月あたり約235円 → 4,790円(税込) 1ヵ月あたり約200円

Share

# جسٹس ناصر الملک نے نئے چیف جسٹس کے منصب کا حلف اٹھالیا

## تقریب میں صدر، وزیراعظم، مسلح افواج کے سربراہان، وفاقی وزرا، سابق ججز، فضل الرحمٰن اور سراج الحق کی شرکت

اسلام آباد (این این آئی + آئی این پی) جسٹس ناصر الملک نے ملک کے 22ویں چیف جسٹس آف پاکستان کی حیثیت سے عہدے کا حلف اٹھالیا، صدر مملکت ممنون حسین نے جسٹس ناصر الملک سے حلف لیا۔ چیف جسٹس تصدق حسین جیلانی پاکستان کے 21ویں چیف جسٹس کی حیثیت سے 65 سال کی عمر تک پہنچنے کے بعد ریٹائر ہوگئے جس کے بعد نئے نامزد چیف جسٹس ناصر الملک نے ایوان صدر میں منعقدہ تقریب میں صدر ممنون حسین سے عہدے کا حلف لیا۔ حلف برداری کی تقریب میں وزیراعظم نواز شریف کے علاوہ تینوں مسلح افواج کے سربراہان، چیئرمین جوائنٹ چیف آف اسٹاف کمیٹی، چیئرمین سینیٹ نیئر بخاری، وزیر اطلاعات پرویز رشید، وزیر خزانہ سینیٹر اسحاق ڈار، وفاقی وزیر زاہد حامد، وفاقی وزیر عبدالقادر بلوچ، گورنر خیبر پختونخوا، سابق چیف جسٹس افتخار محمد چوہدری، جمعیت علما اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان اور سپریم کورٹ کے ججز ارکان پارلیمنٹ، سفارتکار، امیر جماعت اسلامی سراج الحق، وزیراعظم کے مشیر سرتاج عزیز، (ن) لیگ کے چیئرمین راجہ ظفرالحق، جسٹس ریٹائرڈ جاوید اقبال کے علاوہ وزیر اعلیٰ بلوچستان شریک ہوئے۔ نئے چیف جسٹس مسٹر جسٹس ناصر الملک 18 اگست 1950ء کو خیبر پختونخوا کے ضلع سوات میں پیدا ہوئے۔ انہوں نے ازٹیمپل ان لندن سے 1976ء میں بار ایٹ لاء کی ڈگری حاصل کی، نئے چیف جسٹس نے ایڈووکیٹ جنرل خیبر پختونخوا اور چیف جسٹس پشاور ہائیکورٹ کے طور پر بھی فرائض سرانجام دیئے ہیں۔ جسٹس ناصر الملک ان 7 ججز میں شامل تھے جنہوں نے 3 نومبر 2007ء کو پی سی او کیخلاف حکم امتناع جاری کیا تھا اور اعلیٰ عدلیہ کے ججوں کو پی سی او کے تحت حلف اٹھانے سے روکا تھا۔ جسٹس ناصر الملک کی ریٹائرمنٹ پر اگلے سال اگست میں جسٹس جواد ایس خواجہ 24 دن کیلئے چیف جسٹس بنیں گے۔ جسٹس تصدق حسین جیلانی کی ریٹائرمنٹ کے بعد سپریم کورٹ میں ججوں کی تعداد 16 ہوگئی سپریم کورٹ میں پنجاب کے 7، سندھ کے 6، خیبر پختونخوا کے 3 جج صاحبان موجود ہیں۔ جسٹس جواد جسٹس انور ظہیر جمالی، جسٹس میاں ثاقب نثار سینیارٹی لسٹ میں شامل ہوگئے ہیں۔ دوسری جانب چیف جسٹس تصدق حسین جیلانی کی ریٹائرمنٹ کے ساتھ ہی سپریم جوڈیشل کونسل اور اعلیٰ عدلیہ میں ججوں کی تقرری کیلئے قائم جوڈیشل کمیشن کی کمپوزیشن ازخود تبدیل ہوگئی۔ چیف جسٹس پاکستان کی حیثیت سے جسٹس ناصر الملک دونوں اداروں کے سربراہ بن گئے جبکہ جسٹس انور ظہیر جمالی سپریم جوڈیشل کونسل اور جسٹس آصف سعید خان کھوسہ جوڈیشل کمیشن کے نئے رکن بن گئے۔ علاوہ ازیں صدر مملکت ممنون حسین اور وزیراعظم محمد نواز شریف کی نئے چیف جسٹس ناصر الملک کی حلف برداری تقریب کے موقع پر ایوان صدر میں ملاقات ہوئی۔ وزیراعظم نے صدر کو عمرہ کی مبارکباد دی' ملاقات میں وزیراعظم نے صدر کو شمالی وزیرستان میں جاری آپریشن' ملکی سیاسی صورتحال سمیت دیگر اُمور سے آگاہ کیا۔ اس موقع پر وزیراعظم کی تینوں مسلح افواج کے سربراہوں سے بھی غیر رسمی ملاقاتیں ہوئیں، وزیراعظم اور عسکری قیادت نے بات چیت کے دوران دہشت گردی کے مکمل خاتمہ کیلئے آپریشن کے منطقی انجام تک پہنچنے تک اسے جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا۔

ShareThis
آج کا اخبار پڑھئے


外出先でタブレットを使っても
LTEが月額900円(税抜)!
詳しくはこちら
NTTコミュニケーションズ